# مکتب اسکالرز پروگرام 2026

## پروگرام کا تعارف

مکتب اسکالرز پروگرام 2026 مکتب میں او لیول جماعت نہم میں داخلہ لینے والے غیر معمولی صلاحیتوں کے حامل طلبہ کے لیے ایک منتخب تعلیمی اسکالرشپ منصوبہ ہے۔ ہر سال محدود تعداد میں ایسے ہونہار طلبہ کا انتخاب کیا جاتا ہے جو شاندار تعلیمی کارکردگی، غیر معمولی ذہنی استعداد، اعلیٰ نظم و ضبط، اور مضبوط کردار کا عملی مظاہرہ کریں۔ منتخب طلبہ کو ''مکتب اسکالرز'' کے اعزاز کے ساتھ میرٹ کی بنیاد پر او لیول پروگرام میں داخلے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے، تاکہ وہ اپنی صلاحیتوں کو ایک معیاری اور باوقار تعلیمی ماحول میں مزید نکھار سکیں۔

مکتب اسکالرز پروگرام کا آغاز 2024 میں کیا گیا۔ اس پروگرام کے پہلے پانچ

طلبا 2027 میں کیمبرج امتحانات میں شریک ہوں گے۔

## او لیول کے نتائج

- او لیول کی تین گریجویٹ کلاسز میں تقریباً 90 فیصد طلبہ نے A+ اور A گریڈ حاصل کیے
- مکتب کے طلبہ نے کیمبرج انگلش لینگویج اور فرانسیسی زبان میں ''ٹاپ اِن پاکستان'' کے اعزازات بھی اپنے نام کیے۔

## اسکالرشپ کی تفصیلات

ہر سال زیادہ سے زیادہ **پانچ** مکمل اسکالرشپس دی جا سکتی ہیں، جن میں ٹیوشن فیس، ٹرانسپورٹ، اور کیمبرج او لیول امتحانی فیس شامل ہوگی۔

یہ اسکالرشپس او لیول پروگرام کی مکمل مدت کے لیے ہوں گے تاہم ان کی سالانہ تجدید طلبہ کی مسلسل عمدہ تعلیمی کارکردگی، مثبت رویّے اور اسکول کی سرگرمیوں میں فعال شرکت سے مشروط ہوگی۔

جو درخواست دہندگان ''مکتب اسکالرز'' کے طور پر منتخب نہ ہو سکیں، انہیں ضرورت اور میرٹ کی بنیاد پر علیحدہ طور پر مالی معاونت کے لیے بھی زیر غور لایا جا سکتا ہے۔

## انتخاب کے بنیادی اصول

درخواست دہندگان کے لیے ضروری ہے کہ وہ:

- او لیول میں داخلے سے قبل جماعت نہم میں زیرِ تعلیم ہوں (عام طور پر ایسے اسکولوں میں جماعت ہشتم جہاں تعلیمی سال مئی میں ختم ہوتا ہے، یا ایسے اداروں میں جماعت نہم جہاں تعلیمی سال بہار میں اختتام پذیر ہوتا ہے)۔
- مضبوط تعلیمی ریکارڈ اور نمایاں ذہنی استعداد رکھتے ہوں۔
- لاہور میں مقیم ڈے اسکالر کے طور پر درخواست دے رہے ہوں۔

**<u>درخواست کا طریقہ کار</u>**

*درکار معلومات اور دستاویزات*

- درخواست دہندہ کا مکمل نام، تاریخِ پیدائش، موجودہ اسکول کی تفصیلات، اور والدین یا سرپرست کے رابطے کی معلومات۔

- اسکول کی تازہ ترین رپورٹ کارڈ یا ٹرانسکرپٹ، نیز درخواست دہندہ کا ب-فارم یا پاسپورٹ۔
- درخواست دہندہ کی جانب سے ایک مختصر تحریر (ایک صفحے سے زیادہ نہیں) جس میں بتایا جائے کہ وہ اس پروگرام کے لیے کیوں زیرِ غور آنا چاہتا/چاہتی ہے۔
- ایک ایسے استاد کا نام اور رابطے کی معلومات جو درخواست دہندہ کے لیے حوالہ (Reference) فراہم کر سکے۔

*درخواست دینے کا طریقہ*

درخواست کے لیے یہ لنک استعمال کریں:

https://forms.gle/n1aasnf3hLxxT7uu9

مکتب اسکالرز پروگرام 2026 کے صفحے پر جا کر

"Apply to Become a Maktab Scholar" پر کلک کریں۔

1. آن لائن درخواست فارم مکمل کریں اور تمام مطلوبہ دستاویزات PDF یا JPG فارمیٹ میں اپ لوڈ کریں۔
2. جمع کروانے سے پہلے درخواست کا بغور جائزہ لیں۔
3. اپنی درخواست 30 جون 2026 کی آخری تاریخ سے پہلے جمع کروانے کی کوشش کریں۔

## انتخابی عمل

انتخاب کا عمل درج ذیل مراحل پر مشتمل ہوگا:

- آن لائن درخواست جمع کروانا

- آن لائن اسیسمنٹ
- آن کیمپس انٹری ٹیسٹ
- طالب علم اور والدین کا انٹرویو

اسیسمنٹس میں انگریزی، اُردو، اور ریاضی میں طلبہ کی صلاحیتوں کا جائزہ لیا جائے گا۔ حتمی انتخاب مجموعی تعلیمی اور شخصی صلاحیتوں کی بنیاد پر اسکول کی جانب سے کیا جائے گا۔

**<u>درخواست کا شیڈول</u>**

| مرحلہ | متوقع وقت |
|---|---|
| درخواستوں کا آغاز | یکم جون 2026 |
| درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ | 30 جون 2026 |
| آن لائن اسیسمنٹس | جولائی 2026 کے آغاز میں |

| | |
|---|---|
| آن کیمپس انٹری ٹیسٹ | جولائی 2026 کے وسط میں |
| انٹرویو | جولائی 2026 کے آخر میں |
| حتمی نتائج کا اعلان | اگست 2026 کے آغاز میں |
| تعلیمی سیشن کا آغاز | اگست 2026 کے وسط میں |

## عام سوالات

### کیا یہ میرٹ اسکالرشپ ہے یا مالی معاونت؟

مکتب اسکالرز پروگرام ایک نہایت منتخب میرٹ پر مبنی تعلیمی اسکالرشپ ہے، جو ایسے غیر معمولی طلبہ کے لیے ہے جن کے لیے مکتب میں او لیول کی

تعلیم حاصل کرنا مالی طور پر مشکل ہو سکتا ہے۔ انتخاب تعلیمی صلاحیت، نظم و ضبط، کردار، اور مجموعی میرٹ کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ منتخب طلبہ مکتب کے او لیول پروگرام میں اسکول کمیونٹی کے مکمل رکن کے طور پر شامل ہوتے ہیں۔

جو امیدوار مکتب اسکالر کے طور پر منتخب نہ ہوں، انہیں ضرورت اور میرٹ کی بنیاد پر الگ سے مالی معاونت کے لیے زیرِ غور لایا جا سکتا ہے۔

## اسکالرشپ میں کیا شامل ہے؟

ہر سال زیادہ سے زیادہ پانچ مکمل اسکالرشپس دی جا سکتی ہیں، جن میں ٹیوشن فیس، ٹرانسپورٹ، اور کیمبرج او لیول امتحانی فیس شامل ہیں۔

## کیا اسکالرشپ کی تجدید ہوگی؟

جی ہاں۔ اسکالرشپ او لیول پروگرام کے دوران جاری رہ سکتی ہے، بشرطیکہ طالبِ علم تعلیمی کارکردگی، ذمہ دارانہ رویے، اور اسکول کی سرگرمیوں میں فعال شرکت برقرار رکھے۔ اس کا سالانہ جائزہ لیا جائے گا۔

## کون درخواست دے سکتا ہے؟

وہ طلبہ درخواست دے سکتے ہیں جو اگست 2026 میں گریڈ IX او لیولز میں داخلے سے پہلے والے تعلیمی سال میں ہوں۔ عام طور پر اس سے مراد ایسے طلبہ ہیں جو مئی میں ختم ہونے والے تعلیمی سال والے اسکولوں میں گریڈ 8 میں ہوں، یا بہار میں ختم ہونے والے تعلیمی سال والے اسکولوں میں گریڈ IX میں ہوں۔ درخواست دہندگان کا لاہور میں مقیم ڈے اسکالر ہونا ضروری ہے۔

## کیا لڑکے اور لڑکیاں دونوں درخواست دے سکتے ہیں؟

جی ہاں۔ یہ پروگرام لڑکوں اور لڑکیوں دونوں کے لیے کھلا ہے۔

## اینٹری ٹیسٹ میں کیا شامل ہوگا؟

ٹیسٹ انگریزی، اردو، اور ریاضی کے سوالات پر مبنی ہوگا۔

## کیا مکتب اسکالرز عام طلبہ کے ساتھ ہی پڑھیں گے؟

جی ہاں۔ مکتب اسکالرز او لیول کے عام طلبہ کے ساتھ بطور مکمل رکن تعلیم حاصل کریں گے۔

## کیا موجودہ مکتب کے طلبہ بھی درخواست دے سکتے ہیں؟

جی ہاں۔ تمام اہل طلبہ درخواست دے سکتے ہیں، خواہ وہ اس وقت مکتب میں زیرِ تعلیم ہوں یا کسی دوسرے اسکول میں۔

## اگر کوئی طالبِ علم مکتب اسکالر منتخب نہ ہو تو کیا ہوگا؟

مکتب او لیول اسکالرز پروگرام انتہائی مسابقتی ہے، اس لیے بعض مضبوط امیدوار مکمل اہلیت رکھنے کے باوجود اسکالرشپ کے لیے منتخب نہیں ہو

پاتے۔ ایسے طلبہ اگر مکتب میں داخلے کے لیے منتخب ہو جائیں تو انہیں عام مکتب طلبہ کے طور پر مالی معاونت کے لیے زیرِ غور لایا جا سکتا ہے۔

براہِ کرم نوٹ کریں کہ مالی معاونت اسکالرشپ پروگرام سے الگ ہوتی ہے اور اس کے تحت جزوی فیس رعایت دی جاتی ہے، مکمل اخراجات نہیں اٹھائے جاتے۔

## کیا یہ مکمل اسکالرشپ ہے؟

جی ہاں۔ مکتب اسکالرز اسکالرشپ مکمل طور پر فنڈڈ ہے۔

## مکتب کے او لیول پروگرام میں کون سے مضامین پڑھائے جاتے ہیں؟

طلبہ گریڈ IX اور X میں پاکستان اسٹڈیز اور اسلامیات پڑھتے ہیں۔ دیگر او لیول مضامین گریڈ X اور XI میں مکمل کیے جاتے ہیں۔

بنیادی مضامین درج ذیل ہیں:

- Urdu – First Language
- English Language
- Mathematics
- Pakistan Studies
- Islamiyat
- Biology
- Chemistry
- Physics

اختیاری مضامین میں درج ذیل مضامیں شامل ہو سکتے ہیں، بشرطیکہ طلبہ کی دلچسپی اور اساتذہ کی دستیابی موجود ہو:

- English Literature
- Computer Science
- Economics

- Business Studies
- Sociology
- Accounting
- Global Perspectives

## کن دستاویزات کی ضرورت ہوگی؟

ممکنہ طور پر جدید تعلیمی ریکارڈ، اسکول رپورٹس، ب فارم یا شناختی دستاویز، تصاویر، اور درخواست فارم میں مانگی گئی دیگر معلومات درکار ہوں گی۔ اگر کوئی امیدوار منتخب ہو جاتا ہے تو مالی ضرورت کا جائزہ لینے کے لیے اضافی دستاویزات بھی طلب کی جا سکتی ہیں۔

## کیا انتخاب کے دوران تنوع (Diversity) کو بھی مدِنظر رکھا جاتا ہے؟

جی ہاں۔ حتمی انتخاب کے دوران میرٹ اور صلاحیت کے ساتھ ساتھ جنس اور دیگر عوامل کو بھی مدِنظر رکھا جا سکتا ہے۔

# رابطہ اور درخواست کی معلومات

مزید معلومات کے لیے، بشمول اہلیت ،داخلہ، اسکالرشپ معیار، یا ٹائم لائن سے متعلق سوالات، مکتب ایڈمیشن آفس سے رابطہ کریں۔

https://maktab.org.pk

admissions@maktab.org.pk

فون: 04253459421

واٹس ایپ: 03004995230

درخواست فارم: Maktab Scholars Program Application Form